SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XVIII مجریہ ۱۹۹٦

SINDH ACT NO.XVIII OF 1996

پیپلزمیڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹٦

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (AMENDMENT) ACT, 1996

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۹۵ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم

Amendment of section 18 of Sindh Act XIII of 1995

سندھ ایکٹ نمبر XVIII مجریہ ۱۹۹٦

SINDH ACT NO.XVIII OF 1996

پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۶

THE PEOPLE'S MEDICAL COLLEGE AND HOSPITAL NAWABSHAH (AMENDMENT) ACT, 1996

[۶ اکتوبر ۱۹۹۶]

ایکٹ جس کی توسط سے پیپلز امیڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹٦ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۹۵ کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم
Amendment of section 18 of Sindh Act XIII of 1995

۲۔ پیپلز میڈیکل کالیج اینڈ ہاسپیٹل نوابشاہ ایکٹ، ۱۹۹۵ کی دفعہ ۱۸ میں:

(۱)ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے، مندرجہ ذیل طریقے سے متبادل بنایا جائے گا:

"(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت گنجائش نکالی جائے گی اور پیپلز میڈیکل کالیج (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹٦ کے

نافذ ہونے کے نوے دن کے اندر حکومت کو پیش کی جائے گی ۔"

(۲)ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ "حکومت" کے لیئے لفظ "بورڈ" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(۳)ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی:

"(۴)جہاں کوئی شخص جس کی خدمات جو ذیلی دفعہ (۲) کے طریقے کے تحت نہیں ہے، لیکن اس کی خدمات عوامی مفاد میں میڈیکل کالیج کو مطلوب ہیں، تو ایسے شخص کی خدمات اور سابقہ ملازمتی شرائط و ضوابط کے برعکس ان کے لئے وہ شرائط و ضوابط ہوں گے، جو حکومت طے کرےگی ۔ میڈیکل کالیج کی طرف منتقل کیئے جائیں گے ۔"

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔